330

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۳۴

ٹیلیفون نمبر ۹۱

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ۔ عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

# الفضل

روزنامہ

قادیان دار الامان

ایڈیٹر غلام نبی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

THE DAILY

ALFAZL, QADIAN.

| نمبر ۲۹۴ | مطابق ۲۳ دسمبر ۱۹۳۹ء | یوم شنبہ | مورخہ ۱۱ ذیقعدہ ۱۳۵۸ھ | جلد ۲۷ |
| --- | --- | --- | --- | --- |

# ارضِ حرم میں جماعت احمدیہ کا شاندار اجتماع

اور

## انوارِ الٰہیہ کے نزول کے ایام

احباب جماعت خدا تعالےٰ کے فضل و کرم سے بعد شوق جلسہ سالانہ و جوبلی کی مبارک تقریب میں شرکت کے لئے کوشاں ہوں گے ان کے شوق اور ان کی تیاریوں کے تاثرات کچھ عجیب ہیں۔ کہ یہاں اہل قادیان بھی بصد شوق چشم براہ ہیں۔ کہ یہ مخلص کب تشریف لاتے ہیں۔ اور کب اپنے منور چہروں کو دکھلا کر ہمیں سرشار کرتے ہیں چھوٹے بڑے تیاریوں میں مصروف ہیں۔ کہ اپنے معزز بھائیوں کی جس قدر ہو سکے میزبانی کریں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے جاری کردہ لنگر کا منتظم ایک تجربہ کار جرنیل کی طرح آنے والے معزز مہمانوں کی خدمت گزار فوج کا جائزہ لیتا ہوا نظر آرہا ہے۔ بیس پچیس ہزار کے مجمع کی میزبانی کے انتظام کے لئے قریبًا تمام اہل قادیان کے اوقات کو اپنے قبضہ میں لے لیا ہے۔ مختلف شعبوں کے افسر مقرر کر دیئے ہیں۔ اور ان کو مناسب مددگار بھی مہیا کر دیئے گئے ہیں۔ سامان خورد و نوش بھی فراہم کر لیا گیا ہے۔ مہمانوں کی رہائش کیلئے مکانات کا انتظام بھی ہو چکا ہے

اس کے علاوہ قریبًا تمام اہالیان قادیان اپنے اپنے مکانوں کو اس نظر سے دیکھ چکے ہیں۔ کہ ان کے مکان میں زیادہ سے زیادہ کتنے مہمان ٹھہر سکتے ہیں۔ ہر ایک نے اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق اپنے ہاں ٹھہرنے والے مہمانوں کے آرام کا فکر کرتے ہوئے۔ مختلف ذرائع فراہم کر لئے ہیں۔ حضرت امیر المومنین اور حضور کے خاندان کی قلبی خوشی کا اندازہ لگانا ہی مشکل ہے۔

الغرض اے بھائیو! جو جلسہ سالانہ کے موقع پر تشریف آوری کے لئے تیار ہو رہے ہیں۔ آپ یہ خیال نہ فرمائیں کہ آپ کی خواہش یکتا ہے۔ نہیں اس میں اہل قادیان بھی شریک ہیں۔ اگر آپ کو قادیان اور حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ کی زیارت کے خیال سے خوشی حاصل ہو رہی ہے۔ تو اہل قادیان کو آپ کے چہروں کو دیکھنے اور آپ کی خدمت کو انجام دینے کے خیال سے خوشی حاصل ہو رہی ہے۔ ہاں سبقت آپ کو حاصل ہے۔ کیونکہ آپ خود چل کر یہاں آرہے ہیں۔ اہل قادیان کی خوشی طفیلی ہے۔ اگر آپ تشریف نہ لاتے۔ تو آپ کی ملاقات سے خوشی حاصل نہ ہوتی۔ پس آپ خدا کے فضل سے دوہرے ثواب کے مستحق ہیں۔ ایک تو اپنے سفر کے ارادہ اور عمل کی وجہ سے دوسرے قادیان میں رہنے والے بھائیوں کی خوشی کا باعث بننے کے سبب سے پس آپ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالےٰ آپ کو دوہرا ثواب حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اس وقت جوبلی منائے جانے کے متعلق بھی تیاریاں ہو رہی ہیں۔ اس کام کے لئے خدا تعالےٰ نے مولوی عبد الرحیم صاحب درد کو چنا ہے۔ وہ عجیب طرح پر مصروف کار ہیں۔ اللہ تعالےٰ ان کے کام میں برکت دے۔ جوبلی منانے کیلئے آپ احباب بھی تیار ہوں گے اللہ تعالےٰ اس کو بھی قبول فرمائے۔

الغرض خوشی کی ہوائیں ہر سو چل رہی ہیں۔ دیرینہ کوفتیں اور ہموم و غموم دبے ہوئے ہیں۔ اس راقم کا دل بھی مندرجہ بالا جذبات سے پُر تھا۔ کہ حسن اتفاق سے ۱۹۲۱ء کے سفر کشمیر کی اپنی ڈائری سے کسی خاص ولولے کے ماتحت کہے ہوئے چند اشعار ملے جنکو آپ صاحبان کی ضیافت طبع کیلئے درج ذیل کیا جاتا ہے۔ گو اصل ضیافت تو حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ کے پاک کلمات کی ہی ہوگی لیکن بشری بشاشت یدیہ کے طور پر اسکو بھی پیش کیا جاتا ہے

بادل مصیبتوں کے افق پر سے چھٹ گئے
ایام تلخ کامی کے فضلوں سے کٹ گئے

ہوتے ہیں اور ہوں گے وہی کامیاب جو
اس یار بے مثال کے در سے چمٹ گئے

امید ہے کہ جلد ہی ہو وصل رب نصیب
دیکھو گے ایک دن کہ ہم ان سے لپٹ گئے

قدموں میں جب سے ڈالا ہے اک خوبرو کے سر
دل پر تھے جتنے پردے وہ سارے الٹ گئے

فضل عمر کے سایہ میں مسلم نہ کیوں بڑھے
کفار نابکار کے زور اب تو گھٹ گئے

لاکھوں درود اس پہ کہ جس کے وجود سے
فسق و فجور و کفر کے تختے الٹ گئے

خاکسار (ڈاکٹر) حشمت اللہ خان

## احمدیہ ٹیریٹوریل کمپنی میں بھرتی

نظارت امور عامہ کا ایک اعلان مظہر ہے کہ ٹیریٹوریل کمپنی میں بھرتی کی مطلوبہ تعداد ابھی تک پوری نہیں ہوئی۔ اور گو جماعتوں نے اس بارہ میں بہت کچھ مدد دی ہے لیکن بھرتی کا معیار صحت بلند ہونے کی وجہ سے بہت کم نوجوان بھرتی کے قابل ثابت ہوئے ہیں۔ اب بقیہ کمی کو پورا کرنے کے

# مدینۃ المسیح

قادیان ۲۱ دسمبر۔ سیدنا حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے متعلق نو بجے شب کی ڈاکٹری رپورٹ مظہر ہے۔ کہ خدا تعالےٰ کے فضل سے حضور کی طبیعت اچھی ہے۔ الحمد للہ

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت بوجہ ضعف ناساز ہے دعائے صحت کی جائے

آج صبح جناب سید عزیز اللہ شاہ صاحب کی لڑکی کی تقریب رخصتانہ عمل میں آئی۔ سیدنا حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ نے بھی شمولیت فرمائی۔ برات جو کل لاہور سے آئی تھی آج واپس چلی گئی

آج شام کو مولوی ابوالعطاء اللہ دتا صاحب نے اپنے بھائی مولوی عنایت اللہ صاحب کی طرف سے دعوت ولیمہ دی۔

# جماعت احمدیہ کا سالانہ جلسہ

## ۲۶-۲۷-۲۸-۲۹ دسمبر ۱۹۳۹ء کو ہوگا

اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے امسال ہمارا سالانہ جلسہ ۲۶-۲۷-۲۸-۲۹ دسمبر ۱۹۳۹ء بروز منگل۔ بدھ۔ جمعرات اور جمعہ منعقد ہوگا۔ یہ جلسہ تاریخی لحاظ سے بہت اہمیت رکھتا ہے۔ کیونکہ اس جلسہ پر خلافت ثانیہ کی پچیس سالہ جوبلی بھی منائی جائے گی۔ پس تمام احباب کو چاہیئے کہ اس جلسہ میں شمولیت کے لئے کثرت سے تشریف لائیں۔ اور عورتوں اور بچوں کو بھی اپنے ساتھ لانے کی کوشش کریں

# "الفضل" کا جوبلی نمبر ضرور خریدیئے

الفضل کا خلافت جوبلی نمبر جو عنقریب شائع ہو رہا ہے۔ خلافت ثانیہ کے پچیس سالہ شاندار دور کا ایمان افروز مرقع ہے۔ حجم ایک سو بارہ صفحات۔ تین درجن فوٹوز کی تعداد میں ہیں۔ قیمت صرف ۸/ جس قدر پرچے درکار ہوں۔ ان کی فوراً اطلاع دیجئے ورنہ اس سے محروم رہنا پڑے گا۔

(مینیجر الفضل)

# قادیان آنیوالوں کے لئے ریلوے کی طرف سے مزید سہولتیں

موجودہ ٹائم ٹیبل میں قادیان کو آنے والی ریل گاڑی امرتسر سے ۹ بجے صبح روانہ ہوتی ہے۔ اور قادیان ۱۱-۱۰ پر آتی ہے۔ لیکن پشاور۔ دہلی وغیرہ مقامات سے جو مسافر آتے ہیں وہ امرتسر ۲ بجے صبح کے قریب پہونچ جاتے ہیں۔ اور وہاں دو گھنٹہ انتظار کرنا پڑتا ہے۔ اب یہ انتظام کیا گیا ہے۔ کہ امرتسر سے جو گاڑی صبح ۵۵-۷ پر پٹھانکوٹ کو چلتی ہے۔ اس کے ساتھ پانچ چھ ڈبے لگا دیئے جائیں گے۔ جو سیدھے قادیان ½۹ بجے آجائیں گے اور اس طرح امرتسر اور بٹالہ انتظار نہ کرنا پڑے گا۔

اسی طرح لدھیانہ سے جو گاڑی ایک بجے چلتی ہے ۹ دسمبر سے اسکے ساتھ ایک ڈبہ لگا دیا جائے گا۔ جو سیدھا قادیان آجائے گا۔ یہ دونوں انتظام ۲۵ اور ۲۶ دسمبر کے لئے ہیں۔ احباب کو چاہیئے۔ کہ فوراً ان سے پورا فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں۔ تا جماعتیں اکٹھے ہو کر بھی آسکیں۔ اور راستے میں گاڑیاں تبدیل کرنے کی زحمت سے بھی بچ جائیں۔

سیکرٹری خلافت جوبلی کمیٹی۔ قادیان

# جناب مولوی رحمت علی صاحب مولوی فاضل

## مبلغ جاوا کی تشریف آوری

قادیان ۲۱ دسمبر۔ جناب مولوی رحمت علی صاحب مولوی فاضل جو تیسری مرتبہ ۲۷ ستمبر ۱۹۳۷ء کو جاوا میں اعلائے کلمۃ اللہ کے لئے تشریف لے گئے تھے۔ مزید سوا دو سال تبلیغ احمدیت کے فرائض سرانجام دینے کے بعد آج دس بجے صبح کی گاڑی سے قادیان تشریف لائے۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔

سٹیشن پر مقامی جماعت کی ایک کافی تعداد استقبال کے لئے موجود تھی۔ جناب مولوی عبدالرحیم صاحب نیر نے معانقہ کے بعد نظارت دعوۃ و تبلیغ کی طرف سے آپ کو پھولوں کا ہار پہنایا۔ اس کے بعد تمام اصحاب سے آپ نے مصافحہ کیا۔ اور پھر نعرہ ہائے تکبیر کے درمیان تانگہ میں بیٹھ کر شہر تشریف لائے۔ اور مسجد مبارک میں دوگانہ ادا کرنے۔ اور حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ کی ملاقات سے مشرف ہونے کے بعد اپنے گھر گئے۔

مولوی صاحب موصوف ۱۷ اگست ۱۹۲۵ء کو پہلی دفعہ سماٹرا اور جاوا کے لئے روانہ ہوئے۔ اور ۱۹ اکتوبر ۱۹۲۹ء کو چار سال کے بعد واپس تشریف لائے۔ دوسری دفعہ ۶ نومبر ۱۹۳۰ء کو تشریف لے گئے۔ اور چھ سال تک تبلیغ احمدیت کا فرض نہایت کامیاب طور پر سرانجام دینے کے بعد ۳ دسمبر ۱۹۳۶ء کو قادیان واپس آئے اب آپ تیسری مرتبہ اپنے فرائض کو خوش اسلوبی کے ساتھ سرانجام دینے کے بعد واپس تشریف لائے ہیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# خدام الاحمدیہ کا دوسرا سالانہ اجتماع

خدام الاحمدیہ کا دوسرا سالانہ اجتماع ۲۵ دسمبر کو قرار پایا ہے انشاء اللہ، یہ اجتماع کئی لحاظ سے بہت اہم ہے۔ اول خلافت جوبلی سال کے آخر اور خلافت جوبلی جلسہ سالانہ کے ایام میں یہ اجتماع ہو رہا ہے۔ دوم حضور ایدہ اللہ نے اس میں تقریر کرنا منظور فرمایا ہے۔ سوم "لوائے خدام" کو حضور اپنے ہاتھ سے لہرائیں گے۔ چہارم نئے قواعد اساسی کے ماتحت تمام اراکین نئے سال کے لئے صدر اور جنرل سیکرٹری کا منتخب کریں گے۔ اور ان قواعد کو عملی جامہ پہنانے کا پہلا موقعہ ہے۔

پس تمام خدام جو خدمت سلسلہ عالیہ احمدیہ اور خدمت خلافت پا یوں کہو کہ خدمت خلافت ثانیہ کو ایک ہی چیز سمجھتے ہیں۔ اس جلسہ کی اہمیت کو کسی طرح نظر انداز نہیں کر سکتے اور میں امید کرتا ہوں۔ کہ تمام خدام ایک نظام کے ماتحت اس اجتماع میں شرکت فرمائیں گے۔ اور ۲۴ تاریخ کی شام تک قادیان پہنچ جائیں گے۔

صدر مجلس خدام الاحمدیہ قادیان

# ریلوے کے رعایتی کرایہ کے متعلق ضروری اعلان

محکمہ ریلوے کی طرف سے کرسمس اور نوروز کی تعطیلات میں رعایتی کرایہ کا جو اعلان "الفضل" میں شائع ہو رہا ہے۔ اس کی بعض اشاعتوں میں غلط کرایہ درج ہوا ہے صحیح کرایہ یہ ہے۔ اگر یک طرفہ مسافت تسو میل سے زائد ہو۔ یا ایک سو ایک میل کا رعایتی کرایہ ادا کیا جائے تو حسب ذیل شرح پر واپسی ٹکٹ مل جائے گا۔

اول اور دوم درجہ ........ ۱⅓ کرایہ

درمیانہ اور سوم درجہ ........ ۱½ "

331

# ماہرین فلکیات کے ایک اعتراض کا جواب

## سوال

آیت الشمس والقمر یسجدان کے متعلق یہ سوال ہے کہ سورج جو شعلۂ آتشیں کی طرح ہر وقت بھڑک رہا ہے۔ اس کی نسبت ماہرین فلکیات یہ اعتراض کرتے ہیں۔ کہ وہ زمین سے بہت بڑا ہے اس کے سجدہ کرنے کے کیا معنی اور اگر سجدہ سے مراد خضوع اور عاجزی کے معنے لئے جائیں۔ تو یہ بات عاقل اور ذی شعور سے تعلق رکھتی ہے نہ ایسی چیز سے جو نہ عقل رکھتی ہے نہ شعور جیسا کہ سورج کا حال ہے۔

## جواب

پہلی بات تو یہ ہے کہ الشمس والقمر یسجدان کے الفاظ میں قرآن کریم کے اندر کوئی آیت نہیں پائی جاتی۔ ہاں والنجم والشجر یسجدان سورۂ الرحمٰن کی آیت ہے۔ جس میں یسجدان کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ اور وہ بھی النجم والشجر کے لئے نہ کہ الشمس والقمر کے لئے ہاں سورۃ الحج میں سورج اور چاند کے سجدہ کرنے کا ذکر آیا ہے۔ لیکن بعض دوسری چیزوں کے ذکر کی معیت میں جیسے کہ آیت الم تر ان اللہ یسجد لہ من فی السموات ومن فی الارض والشمس والقمر والنجوم والجبال والشجر والدواب وکثیر من الناس یعنی کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ وہ ذات ہے جس کے حضور سجدہ کرتے ہیں وہ بھی جو آسمانوں میں ہیں اور وہ بھی جو زمین میں ہیں اور سورج بھی چاند بھی اور ستارے بھی اور سب پہاڑ اور سب درخت اور سب جانور زمین پر چلنے والے اور بہت سے انسانوں میں سے بھی۔

اس آیت میں سورج اور چاند کے سجدہ کرنے کا ذکر ہے۔ لیکن ان الفاظ میں نہیں جن میں سوال پیش کیا گیا ہے۔ پھر سجدہ کی نوعیت بھی بتادی گئی۔ کہ ان سب چیزوں کا سجدہ بشمول سورج اور چاند کے سجدہ کرنے کے خدا تعالےٰ کے قانون کی پیروی کرنا ہے جس قانون کی پیروی کے لئے انہیں بنایا گیا جیسے کہ دوسرے مقام پر کل لہ قانتون کے ارشاد میں وضاحت فرمادی۔ کہ سب کی سب مخلوق اس کی فرمانبرداری کرنے والی ہے بلحاظ قانونِ قدرت کی پیروی کے اور بعض انسانوں کی پیروی بلحاظ قانون شریعت کے ہے۔ اور سجدہ سے مراد قانونِ قدرت کی پیروی اور فرمانبرداری ہے جیسے کہ آئت والنجم والشجر یسجدان سے ظاہر ہے کہ درخت جو بحالت قیام ہیں۔ ان کی نسبت بھی لفظ سجدہ استعمال کیا گیا ہے۔ جو انہی معنوں میں ہے کہ درخت خدا تعالےٰ کے قانون کی ایسی پیروی کر رہے ہیں۔ جو انتہائی درجہ کی ہے اور جسے سجدہ سے تعبیر کرنا گویا انتہائی درجہ کے خشوع اور خضوع اور تذلل کے بہ رنگ ایک استعارہ کے طور پر ان کی کامل اطاعت کے نمونہ کا اظہار ہے۔ جو خودی اور خود روی کی حالت کے بالکل منافی حالت پر دلالت کرنے والا ہے۔ اور گو سجدہ کا لفظ عاقل اور ذی شعور سے بھی تعلق رکھتا ہے۔ لیکن خدا تعالےٰ کے لئے ہر ایک چیز خدا تعالےٰ کی اطاعت اور اس کے قانون کی پیروی میں ذی شعور کا ہی حکم رکھتی ہے۔ کیونکہ ذرہ ذرہ بوجہ خدا تعالےٰ کی مخلوق ہونے کے اپنے خالق کو خوب پہچانتا ہے۔ اور جو جو قانون اور حدود خدا تعالےٰ نے کسی نوع خلق کے لئے مقرر کر دی ہیں ہر ایک چیز اس قانون کی پابند ہے۔ اور اس کی مقررہ حدود سے ذرہ بھر بھی تجاوز نہیں کرتی یہی وجہ ہے کہ ہر ایک جاندار اور بے جان چیزیں سب خدا کی آواز کو سنتی ہیں۔ چنانچہ قرآن کریم کی آیت قلنا یا نار کونی برداً و سلاماً علیٰ ابراھیم میں خدا تعالےٰ کا آگ کو مخاطب کرکے حکم دینا اور آیت یا سماء اقلعی اور یا ارض ابلعی میں آسمان اور زمین کو مخاطبت کے ساتھ حکم دینا صاف اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ خواہ کوئی چیز بے جان ہو یا جاندار خدا کی آواز کو سننے اور اس کی آواز پر عمل کرنے کے لئے ہر ایک چیز میں ایک حس ہے۔ جس سے وہ خدا کی آواز اور اس کی مرضی کو محسوس کرتی ہے اور اس کی اطاعت کے خلاف نہیں کرتی۔ اور نہ ہی کر سکتی ہے۔ پس خدا کی اطاعت کے لئے اور اس کا حکم ماننے کے لئے ہر ایک چیز ذی شعور کا حکم رکھتی ہے۔ اور ان معنوں میں ہر ایک چیز کی طرف سجدہ کی نسبت بالکل مناسب اور موزوں ہے۔

خاکسار ابو البرکات غلام رسول راجیکی

قادیان میں سکنی اراضیات برائے فروخت

نہائت موزوں اور مناسب مواقع پر محلہ دار الفضل محلہ دار السعت اور محلہ دار الانوار میں اراضیات برائے فروخت ہیں۔ یہ اراضیات مناسب اقساط پر بھی دی جا سکتی ہیں۔ خواہشمند احباب جلسہ جوبلی کے موقعہ پر تفصیلات معلوم کرکے قیمت وغیرہ کا فیصلہ کر سکتے ہیں:

خاکسار:۔ خان محمد عبد اللہ خان آف مالیر کوٹلہ قادیان

Digitized by Khilafat Library Rabwah

چیف بوٹ ہاؤس انارکلی لاہور کے ارزاں خوش وضع اور خوبصورت بوٹ پہنئے۔

# قادیان سے روانگی کے متعلق ریلوے گاڑیوں کے اوقات

قادیان سے روانہ ہونے والی گاڑیوں کا موجودہ ٹائم ٹیبل مندرجہ ذیل ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| روانگی از قادیان | ۶-۵۳ | ۱۱-۱۷ | ۱۵-۳۰ | ۱۸-۲۵ |
| آمد وڈالہ گرنتھیاں | ۷-۴ | ۱۱-۳۰ | ۱۵-۴۱ | ۱۸-۳۶ |
| روانگی از " | ۷-۶ | ۱۱-۳۳ | ۱۵-۴۳ | ۱۸-۳۸ |
| آمد بٹالہ | ۷-۱۶ | ۱۱-۴۶ | ۱۵-۵۳ | ۱۸-۴۸ |
| روانگی از " | ۷-۲۴ | ۱۲-۳ | | |

ان کے علاوہ حسب ذیل سپیشل گاڑیاں چلیں گی۔

## ۲۹ ۱۲/۳۹ کو واپسی کے لئے مندرجہ ذیل سپیشل گاڑی چلائی جائیگی

| | آمد | روانگی |
|---|---|---|
| قادیان | | ۱۷-۳۰ |
| وڈالہ گرنتھیاں | ۱۷-۴۴ | ۱۷-۴۶ |
| بٹالہ | ۱۷-۵۸ | ۱۸-۸ |
| جنتی پور | | ۱۸-۲۱ |
| کتھو ننگل | | ۱۸-۳۳ |
| ویرکا | ۱۸-۴۷ | ۱۸-۵۶ |

| | آمد | روانگی |
|---|---|---|
| امرتسر | ۱۹-۶ | ۱۹-۱۵ |
| چھہرٹہ | | ۱۹-۲۴ |
| خاصہ | | ۱۹-۳۲ |
| اٹاری | | ۱۹-۴۷ |
| جلو | | ۲۰-۱ |
| مغل پورہ | ۲۰-۱۴ | ۲۰-۱۶ |
| لاہور | ۲۰-۲۵ | |

## (۱) ۳۰ ۱۲/۳۹ کو واپسی کیلئے مندرجہ ذیل سپیشل گاڑیاں چلائی جائینگی

| | آمد | روانگی |
|---|---|---|
| قادیان | | ۹-۷ |
| وڈالہ گرنتھیاں | ۹-۲۱ | ۹-۲۳ |
| بٹالہ | ۹-۳۵ | ۹-۵۵ |

| | آمد | روانگی |
|---|---|---|
| جنتی پور | | ۱۰-۸ |
| کتھو ننگل | | ۱۰-۲۰ |
| ویرکا | ۱۰-۳۵ | ۱۰-۴۷ |
| امرتسر | ۱۰-۵۷ | |

## (۲) مطابق پروگرام مورخہ ۲۹ ۱۲/۳۹

| | آمد | روانگی |
|---|---|---|
| قادیان | | ۱۴-۱۷ |
| وڈالہ گرنتھیاں | ۱۴-۳۱ | ۱۴-۳۳ |
| بٹالہ | ۱۴-۴۵ | ۱۵-۶ |
| جنتی پور | | ۱۵-۱۸ |
| کتھو ننگل | | ۱۵-۳۱ |
| ویرکا | ۱۵-۴۵ | ۱۵-۴۸ |

| | آمد | روانگی |
|---|---|---|
| امرتسر | ۱۶-۰ | ۱۶-۸ |
| چھہرٹہ | | ۱۶-۱۷ |
| خاصہ | | ۱۶-۲۵ |
| اٹاری | | ۱۶-۴۰ |
| جلو | | ۱۶-۵۴ |
| مغل پورہ | ۱۷-۰ | ۱۰-۶ |
| لاہور | ۱۷-۲۰ | |

عبدالرحیم درد سیکرٹری خلافت جوبلی کمیٹی

## جلسہ سالانہ پر آنیوالے دوستوں کو اطلاع

امسال چونکہ مکانات کی قلت ہے اور چٹھیاں کثرت سے آرہی ہیں۔ اور مکانات اتنے دستیاب نہیں ہو سکے۔ اس لئے ان احباب کو جن کو ان کی چٹھیات کے جوابات نہ جائیں وہ خیال کر لیں کہ ان کو مکانات نہیں مل سکے۔ اور جن دوستوں نے آنا ہے۔ وہ آسکتے ہیں۔ ان کے مرد جماعت میں ٹھہریں اور مستورات حضرت صاحب کے گھر ٹھہریں۔ ناظر ضیافت


مبارک

صد مبارک

مبارک

الحمد للہ

# حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی پاکیزہ دیرینہ خواہش پوری ہوگئی

یعنی

حضور علیہ السلام کے ارشاد کے مطابق حضرت اقدس کی تائید و تصدیق بلکہ خلافت حقہ اولیٰ اور ثانیہ کی تائید و تصدیق میں بھی

## رویا و کشوف کا بے نظیر ایمان افروز مجموعہ

کتابی صورت میں شائع ہوگیا ہے

جس کا نام

# تحفہ آسمانی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# بشارات رحمانیہ

تجویز کیا گیا ہے

اس میں سلسلہ کے مقتدر علماء اور بزرگوں کے نہایت مفید اور مؤثر مضامین بھی شامل ہیں۔ یہ کتاب ایسی مفید اور مؤثر ہے۔ کہ اسے پڑھ کر ایک مولوی صاحب جو سابق مبلغ اہلحدیث کانفرنس ہیں۔ احمدیت کی نعمت سے متمتع ہو چکے ہیں۔ یہ کتاب اس قدر دلچسپ ہے۔ کہ پڑھنے والا انسان یوں محسوس کرتا ہے۔ گویا وہ عالم بالا کی سیر کر رہا ہے۔ اور اس قدر روح میں تازگی اور ایمان میں تقویت پیدا ہوتی ہے۔ کہ چار سو صفحہ کی ضخامت کے باوجود اکتانے کی بجائے اور زیادہ پڑھنے کو جی چاہتا ہے۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ نہایت عمدہ ہے۔ اس میں چار فوٹو بھی ہیں۔ یہ کتاب انشاء اللہ تعالےٰ تمام مسلم والیان ریاست کی خدمت میں بطور تحفہ بھیجی جائے گی۔ کل ایک ہزار کی تعداد میں چھپی ہے۔ جس میں سے قریباً تین سو چھپنے سے قبل ہی بک چکی ہے۔ اس کتاب کا ہر احمدی گھر اور جماعت میں ہونا تبلیغ کے لئے نہایت ضروری ہے۔ اس کی عام اشاعت کے مدنظر اس کی قیمت صرف ایک روپیہ چار آنہ رکھی گئی ہے۔ یہ کتاب دفتر ٹریکٹ آسمانی آواز و کشوف و رویاء ریلوے روڈ قادیان سے مل سکتی ہے۔

معاونین حضرات بھی اسے دفتر ہذا سے وصول فرما سکتے ہیں۔

مینیجر دفتر ٹریکٹ آسمانی آواز و کشوف و رویا

ریلوے روڈ

قادیان

## جملہ مجالس ہائے خدام الاحمدیہ ۲۵ دسمبر سے قبل قادیان پہنچ جائیں

خدا کے فضل سے مجلس خدام الاحمدیہ کا دوسرا سالانہ اجتماع مورخہ ۲۵ دسمبر صبح ½۹ بجے شروع ہوگا۔ اس موقعہ پر علاوہ دیگر تقاریر کے صدر اور جنرل سیکرٹری کا انتخاب بھی ہوگا۔ جس میں جملہ مجالس خدام الاحمدیہ کی حاضری نہایت ضروری ہے۔ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بھی انشاء اللہ العزیز تقریر فرمائیں گے ۲۴ دسمبر کو اتوار ہے۔ لہذا تمام مجالس متعلقہ سے استدعا کی جاتی ہے۔ کہ وہ اس اجتماع میں شامل ہونے کے لئے جلد سے جلد قادیان پہنچنے کی کوشش کریں۔ ہر مجلس اپنا جھنڈا ہمراہ لائے۔ جس کی زمین سیاہ ہو۔ اور سفید حروف ہوں۔ مجلس کا نام معہ مقام لکھا ہو۔ اس جھنڈے سے مراد اس قسم کا جھنڈا ہے۔ جس کو دو بانس لگے ہوتے ہیں۔ اور دو آدمی پکڑ کر چلتے ہیں۔ لہرانے والا جھنڈا مراد نہیں۔

سیکرٹری مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

## ضروری اعلان متعلق وصایا

(۱) جن لوگوں کی یا ان کے متعلقین کی وصایا دفتر میں پہونچ چکی ہوں۔ اور ان کو سرٹیفکیٹ نہ ملا ہو۔ وہ جلسہ سالانہ کے ایام میں اپنی وصیت کے متعلق دفتر میں آکر ضرور معلوم کرلیں۔

(۲) جن احباب کا کوئی رشتہ دار فوت ہوچکا ہو۔ اور اس کا حساب ابھی دفتر میں چلتا ہو۔ وہ بھی دفتر ہذا میں ضرور تشریف لاویں۔ اور حساب طے کرلیں۔

(۳) ہر جماعت کے سیکرٹری مال کو بھی دفتر ہذا میں آکر اپنے اپنے موصیان کا حساب دیکھنا چاہیئے۔ اور حتی الوسع حساب طے کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

سیکرٹری بہشتی مقبرہ

## چند نہایت مفید اور مجرب ادویہ

مجھے حضرت مرزا صاحب اور حضرت خلیفہ اول سے نہایت قدیمانہ نیاز حاصل ہے۔ اور میرے پاس ان بزرگوں کے بتائے ہوئے کئی نہایت مفید اور مجرب نسخہ جات ہیں۔ جنہیں بار بار کے تجربہ سے از حد مفید پایا گیا ہے۔ ان میں سے بعض نسخوں کے مطابق میں نے خلافت جوبلی کے جلسہ کے موقعہ پر چند خاص ادویہ تیار کی ہیں۔ امید ہے کہ اصحاب ان نادر ادویہ سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں گے۔ فائدہ عام کی خاطر میں نے قیمت بہت کم رکھی ہے۔ معجون مبارک جو دماغ اور بصارت کے لئے از حد مفید ہے۔ اور حضرت مرزا صاحب ہمیشہ استعمال فرمایا کرتے تھے۔ قیمت اڑھائی روپیہ فی سیر۔ سفوف لوز جو ابتدا نزول الماء میں نہایت مؤثر ہے۔ اور ویسے بھی نظر کے لئے بہت مفید ہے۔ قیمت ۱۵ خوراک سوا روپیہ۔ معجون دل شاد یہ دوائی بہت مفرح ہے اور اختناق الرحم کیلئے بھی مفید ہے قیمت ۱۵ خوراک ۳ روپیہ۔ سفوف نشاط۔ یہ دوائی مفرح ہونے کے علاوہ مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ اور جن لوگوں کو جائز طور پر ممسک دوائی کی ضرورت ہو انکے لئے بہت مفید ہے۔ قیمت پندرہ خوراک اڑھائی روپیہ۔ معجون روشن دماغ یہ دوائی ذہن کو بہت تیز کرتی ہے۔ اور کند ذہن اور کمزور دماغ لوگوں کیلئے خاص چیز ہے طلباء اور دوسرے صاحبان یکساں فائدہ اٹھا سکتے ہیں قیمت ۱۵ خوراک ۱۲۔ تفصیلات کیلئے مفصل اشتہار منگا کر ملاحظہ فرمائیں۔

المشتہر (لالہ) ملاوا مل حکیم بڑا بازار قادیان

## مجموعہ خطبات النکاح کے متعلق

### حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب ناظر تعلیم و تربیت کی رائے

"مہاشہ فضل حسین صاحب نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے "خطبات نکاح" کو مرتب کرکے ایک جگہ شائع کیا ہے۔ میری رائے میں ایسی کتاب کی جماعت کو حقیقی ضرورت تھی۔ جو مہاشہ صاحب کی کوشش سے پوری ہوگئی ہے۔ احمدیت سے قبل ہندوستان کے مسلمانوں میں خطبہ نکاح ایک رسمی چیز رہ گئی تھی۔ اور عموماً فارسی یا عربی میں خطبہ پڑھ دیا جاتا تھا۔ نہ اس کا فائدہ دُلہا دُلہن کو ہوتا۔ اور نہ سامعین کو۔ ان کے لئے یہ کلمات محض ہوتے تھے۔ اور خطبہ کی حقیقی غرض مفقود ہو جاتی تھی۔ خدا تعالے کے فضل نے احمدیت میں پھر سے خطبہ نکاح کو اپنی اصل حقیقت میں ظاہر کیا۔ اور دنیا کو معلوم ہوا۔ کہ خطبہ نکاح صرف ایک رسم نہیں۔ بلکہ اسلام نے شادی کے موقعہ پہ خطبہ اس لئے رکھا ہے۔ کہ اس موقعہ پہ شادی کی حقیقت ظاہر کی جائے۔ اور آئندہ آنے والی ذمہ واریوں کو دُلہا و دُلہن اور سامعین پر کھول کر ظاہر کر دیا جائے۔ اور ازدواجی زندگی کے متعلق ضروری نصائح بیان کی جائیں۔ تاکہ نہ صرف دُلہا دلہن بلکہ سامعین بھی اس حقیقت سے باخبر رہیں۔ ان خطبات کے مجموعہ نے جماعت کی اہم ضرورت کو پورا کیا ہے۔ اس سے نہ صرف بیرونی جماعتوں کے احمدی خطیب اپنے خطبوں کے لئے مفید مواد حاصل کرسکتے ہیں۔ بلکہ شادی شدہ طبقہ ان کو پڑھ کر اپنی ازدواجی زندگی کی بہت سی مشکلات کو حل کر سکتا ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ جماعت اس کتاب سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے گی۔

مرزا شریف احمد"

ہر دو حصہ حجم سوا چھ سو صفحہ۔ کاغذ اعلےٰ۔ چھپائی نظر فریب طباعت دیدہ زیب۔ مگر باوجود ان خوبیوں کے قیمت صرف ایک روپیہ چار آنہ رکھی گئی ہے۔ لیکن جو دوست آٹھ آنہ پیشگی دے کر اس سلسلہ خطبات کے مستقل خریدار بن جائیں گے۔ انہیں ہر ایک حصہ آٹھ آٹھ آنہ میں ملتا رہے گا۔

امید ہے کہ ان علمی و روحانی جواہر پاروں کے حقیقی قدردان مستقل خریدار بن کر اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں معاون بنیں گے اور عنداللہ ماجور ہوں گے۔

خاکسار

**مینجر احمدیہ کتابستان قادیان**

**رقوم بغیر تفصیل** مندرجہ ذیل احباب نے محاسب کے ذریعہ دفتر الفضل کو رقوم ارسال فرمائی ہیں مگر کوپن پر کوئی تفصیل نہیں دی۔ براہ مہربانی ان کی جلد تفصیل بھجوائی جائے:- عبد الغفور صاحب ایبٹ آباد ۔ عمر بشیر احمد صاحب چک ۱۰۳ ۔ ۹

(مینیجر الفضل)

## نئی گھڑیاں و نئے سال کا خوشنما کیلنڈر

حاضرین جلسہ کی خاطر ہفتوں پہلے ٹسٹ کی ہوئی گھڑیاں رعایتی قیمتیں۔ بہترین ڈیزائن جن کے ساتھ خلافت جوبلی کا نفیس کیلنڈر مفت۔ مرمت والی گھڑیوں کی دیکھ بھال اور صحیح مشورہ۔ بوقت فرصت جلسے پر۔

ملنے کا پتہ:- حافظ سخاوت علی احمدی کمرہ نمبر ۱۱ مدرسہ احمدیہ یا احمدیہ چوک قادیان

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# موسم سرما کا خاص تحفہ

## ماء اللحم انگوری وطیوری دو آتشہ

### پورے اجزاء کے ساتھ نہایت احتیاط سے تیار کیا گیا ہے

نہ صرف یہی کہ یہ انگور و طیور کا جوہر ہے۔ بلکہ اس میں عنبری وکستوری وغیرہ کی بیش بہا چیزیں بھی شامل ہیں۔ غرضیکہ پورے اجزاء کا بہترین نچوڑ ہے۔ جو ضعف دل۔ ضعف دماغ۔ ضعف ہاضمہ۔ کمزوری اعصاب۔ دل کی دھڑکن۔ بے چینی۔ سستی۔ اعضاء رئیسہ و شریفہ کے لئے بے حد مفید مانا گیا ہے۔ دماغی کام کرنے والوں اور بوڑھوں کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے جس نے ایک دفعہ استعمال کیا وہ ہمیشہ کے لئے گرویدہ بن گیا۔ قیمت بڑی بوتل جو بیس خوراک پانچ روپیہ۔

**جناب شیخ بشیر احمد صاحب امیر جماعت احمدیہ بی۔ اے ایل ایل بی ایڈووکیٹ ہائیکورٹ لاہور** فرماتے ہیں۔ کہ میں نے دواخانہ رفیق مریضاں موچی دروازہ لاہور کا تیار کردہ ماء اللحم استعمال کیا نہایت مفید پایا۔ دماغی کام کرنے والوں کے لئے غیر مترقبہ نعمت ہے۔ طبیعت میں کوفت ہو۔ کام کو دل نہ چاہتا ہو تو اس کی ایک خوراک بحالی طبیعت کے لئے کافی ہے۔ اور فوری اثر کرتی ہے۔ بھوک خوب لگتی ہے۔ اور دل مطمئن ہو جاتا ہے۔ کارخانہ نے واقعی پوری احتیاط اور پورے اجزاء سے کشید کیا ہے۔ میں دماغی کام کرنے والوں کو سفارش کرتا ہوں کہ اس قابل اعتماد دواخانہ کا تیار کردہ ماء اللحم کا استعمال کرکے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

**جناب قاضی محمد اسلم صاحب ایم اے پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور** فرماتے ہیں کہ آپ کا تیار کردہ ماء اللحم انگوری و طیوری میں نے استعمال کیا اور بہت مفید پایا۔ اللہ تعالیٰ اس کے لئے آپ کو جزائے خیر دے۔

**نوٹ:- قادیان میں دواخانہ رحمانی احمدیہ بازار سے بھی مل سکتا ہے**

ملنے کا پتہ

**مینیجر رفیق مریضاں میڈیکل ہال اندرون موچی گیٹ لاہور**

## قابل فروخت زمین

محلہ احمد آباد المعروف نواں پنڈ کے بجانب شمال ریلوے لائن سے آگے متصل بھٹہ قریباً ڈیڑھ گھماؤں زمین قابل فروخت ہے راستہ پر واقع ہے۔ عنقریب یہ حصہ آبادی میں آ جانے والا ہے جو صاحب خریدنا چاہیں مجھ سے قیمت کا فیصلہ کر لیں اگر کوئی اکٹھی خریدنا نہ چاہے تو ایک ایک کنال کے ٹکڑے بھی فروخت ہو سکتے ہیں۔ المشتہر خاکسار: محمد حسن فیروز پوری دفتر بیت المال۔ قادیان

## جنرل بک سٹال قادیان

جلسہ سلور جوبلی پر احباب کتابیں خریدتے وقت جنرل بک سٹال کا پتہ نوٹ کر لیں جہاں کہ ہر قسم کی کتابیں قرآن مجید قاعدے سپارے و دیگر اشیاء بارعایت دستیاب ہو سکیں گی جنرل بک سٹال الحکم سٹریٹ میں سر بازار واقع ہے۔

**عبد اللہ خان اختر جتوئی**

**(مجاہد سنگاپور)**

متعدد تکلیف دہ امراض کیلئے

# عرق نور

اپنی حیرت انگیز زود اثری کے باعث حد درجہ مقبول ہو چکا ہے۔ اگر آپ کو یا آپ کے کسی عزیز کو بڑھی ہوئی تلی۔ ضعف جگر یا معدہ کمی بھوک کمزوری مثانہ۔ یرقان۔ دائمی قبض۔ پرانا بخار کھانسی جیسے امراض سے تکلیف ہو تو اس کے لئے **عرق نور اکسیر اعظم** ثابت ہوگا۔ عورتوں کے تمام پوشیدہ امراض خصوصاً بانجھ پن اور اٹھرا کے لئے المجرب المجرب دوا ہے۔ ماہواری خرابی قلت خون اور رحم کو دور کرکے رحم کو قابل تولید بناتا ہے مصفیٔ خون ہونے کے علاوہ اپنی مقدار کے برابر صالح خون پیدا کرتا ہے۔ قیمت فی شیشی یا پیکٹ عہ مکمل خوراک بے ۔ رعلاوہ محصولڈاک دیگر ادویات کی فہرست مفت طلب کریں۔

**ڈاکٹر نور بخش اینڈ سنز عرق نور قادیان پنجاب**

# طبی کمالات و مجربات صدری

## حضرت حکیم الامۃ مولوی نور الدین صاحب اعظم رضی اللہ عنہ

حضرت خلیفۃ المسیح اول رضی اللہ عنہ کا علم طب اور کمال حکمت محتاج بیان نہیں۔ آپ کی تشخیص اور ادویہ شہرہ آفاق ہیں۔ حضرت حکیم الامۃ نے اپنے مطب اور دواخانہ قادیان میں حکیم مولوی قطب دین صاحب کو اپنا شاگرد خاص و کمپونڈر مقرر فرمایا ہوا تھا۔ چنانچہ آپ انہی سے تمام نسخہ جات کی ادویہ تیار کرواتے تھے۔ لہذا آپکو حضرت حکیم الامۃ کے تمام مفردات و مرکبات اپنے ہاتھ تیار کرنیکا زریں موقعہ ملا۔ حضرت حکیم الامۃ کی وفات کے بعد آپ کے مطب اور دواخانہ کے فیوض کا اجراء حضرت مولوی قطب دین صاحب نے نہایت کاوش اور محنت سے جاری کر رکھا ہے اور اس کے لئے اپنی تمام عمر وقف کر دی ہوئی ہے۔ یہ اعلان کسی منفعت زر یا تجارتی اغراض کے لئے نہیں بلکہ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ کی جوبلی کی خوشی میں۔ اور متعدد اصحاب کے بہیم اصرار پر برائے استفادۂ عام جملہ ادویات کے تعارف کیلئے کیا جاتا ہے۔ بعض خاص ادویات یہ ہیں۔ اکسیر اعظم یعنی زود جام عشق یہ الہامی نسخہ ہے قیمت للعہ۔ اکسیر بواسیر بھا۔ سفوف جدید۔ منجن جدید ہر اور مستورات کی تکالیف کا واحد علاج حب اکسیر النساء للعہ۔ انکے استعمال سے بلسوا کی تکلیف دور ہونیکے علاوہ بعض۔ دل کی دھڑکن چھاتیاں وغیرہ کا حکمی علاج ہے۔ **تصدیق حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ**: مولوی قطب دین صاحب حضرت خلیفۃ المسیح اول رضی اللہ عنہ کے بہت پرانے شاگردوں میں سے ہیں۔ اور سالہا سال آپکے ساتھ انکے مطب میں کام کرتے رہے ہیں اور یوں بھی ان کا تجربہ طب میں چالیس سال کا ہے میں سمجھتا ہوں جن لوگوں کو حضرت خلیفہ اول رضی اللہ عنہ کے تجربہ پر اعتماد ہے وہ انکے منوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ دستخط مرزا محمود احمد ۱۴ / ۲۹ ۔ ۳ **تصدیق** میں تصدیق کرتا ہوں کہ یہ نسخہ جات حضرت حکیم الامۃ خلیفہ اول کے بعض کے اور بعض کے تجربہ شدہ ہیں اور میری نگرانی میں تیار ہوتے ہیں۔ قطب الدین

**احمدیہ یونانی میڈیکل ہال قادیان** پروپرائٹر محمد اسمعیل اینڈ سنز اینڈ لائسنسڈ المومنین ڈیلرز قادیان

333

# ہندوستان اور ممالک غیر کی خبریں!

**لنڈن** ۲۰ دسمبر۔ ایک اور جرمن جہاز کولمبس در زنی ۳۲ ہزار ٹن برطانوی جہازوں کے نرغہ میں آ جانے کی خبر کل دی جا چکی ہے۔ آج اس نے بھی خودکشی کر لی یہ غرقابی بحیرہ اوقیانوس میں ہوئی ہے۔ اس پر ۵۷۹ افسر اور سپاہی سوار تھے۔ جنہیں امریکہ کے ایک جہاز نے بچا لیا۔ کپتان نے خود بم مار کر اس کے پیندے میں سوراخ کر دئے۔ گراف سپی کے کپتان نے بونس آئرز میں خودکشی کر لی ہے۔

فن لینڈ کی طرف سے روس کے ساتھ صلح کے لئے پھر اپیل کی گئی ہے۔ ہیل سنکی کے ریڈیو سٹیشن سے اہل روس سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی حکومت کو صلح پر مجبور کریں۔ خیال ہے کہ پہلی اپیلوں کی طرح یہ بھی بے نتیجہ ثابت ہوگی۔ آج روسی طیاروں نے ہیل سنکی اور فن لینڈ کے دیگر اہم شہروں پر شدید بمباری کی۔ لیکن کوئی قابل ذکر نقصان نہ پہنچا سکے

جرمنی نے طیاروں کے ذریعہ برطانوی سمندروں میں سرنگیں بچھانے کی جو مہم شروع کر رکھی ہے۔ اسے ناکام کرنے کے لئے ایک طور پر برطانوی طیارے جرمن طیاروں کے مرکز ہیلیگولینڈ پر حملے کرتے ہیں۔ اور دوسرے ان سے مقابلہ کے لئے غباروں سے مسلح چھوٹے چھوٹے ہوائی جہاز بھیجتے ہیں۔ تا سرنگیں بچھانے کے لئے جو جرمن ہوائی جہاز آئیں وہ ان غباروں میں الجھ کر رہ جائیں یہ تجویز بہت کامیاب اور موثر ثابت ہو رہی ہے۔

گراف سپی اور کولمبس کے بعد جرمنی کے ایک اور تجارتی جہاز لڈ دکا کو ایک برطانوی جنگی جہاز نے غرق کر دیا

**کراچی** ۲۰ دسمبر۔ کارپوریشن نے فیصلہ کیا ہے۔ کہ دس سرکاری دکانیں کھولی جائیں۔ جن میں اجناس اور اشیائے خوردنی معقول نرخ پر مہیا ہو سکیں تا گرانی کی وجہ سے پبلک کو جو تشویش ہے وہ دور ہو سکے۔

**لنڈن** ۲۰ دسمبر۔ مغربی محاذ کے متعلق فرانسیسی اعلان مظہر ہے کہ گذشتہ ۲۴ گھنٹوں میں جرمن فوجی دستوں نے موزیل کے علاقے میں بے شمار حملے کئے مگر ہر دفعہ نقصان اٹھا کر پسپا ہوئے۔

کل پیرس میں سپریم وار کونسل کا اجلاس ہوا جس میں فن لینڈ پر روسی حملے اور لیگ سے روس کے اخراج وغیرہ معاملات پر غور ہوا۔

حکومت کینیڈا نے ۹ ہزار ڈالر فن لینڈ کو بطور امداد بھیجے ہیں۔ اور برطانوی حکومت کی طرف سے اسے چار ایمبولنس کاریں بھیجی جا رہی ہیں۔

جرمنی کی وزارت پروپیگنڈا نے یہ خبر مشہور کر رکھی تھی کہ برطانیہ کا جہاز "آرک رائل" بحیرہ شمالی میں غرق کر دیا گیا ہے۔ مگر اب اس نے تسلیم کر لیا ہے کہ یہ جہاز موجود ہے اور جنوبی امریکہ کے قریب گشت کر رہا ہے۔

**واردھا** ۲۰ دسمبر۔ برطانوی پارلیمنٹ کے ممبر سر سٹیفورڈ کرپس نے آج یہاں گاندھی جی سے ملاقات کی۔ اور ایک پریس انٹرویو میں کہا۔ کہ ہندوستان اور انگلستان کے درمیان تسلی بخش سمجھوتہ میں رکاوٹ یہی ہے کہ برطانوی مدبرین اس وقت جنگ کی وجہ سے بے حد مصروف ہیں۔

**برلن** ۲۰ دسمبر۔ آج ہٹلر برلن سے برچیگاڈن روانہ ہو گیا ہے۔ جہاں وہ کرسمس کے ایام گذارے گا

**کراچی** ۲۰ دسمبر۔ معلوم ہوا ہے کہ مسٹر جیاکر حال ہی میں انگلستان سے اس غرض کے لئے آئے ہیں کہ کانگرس اور حکومت میں سمجھوتہ کرا دیں۔ لارڈ ارون کے زمانہ میں گاندھی جی کے ساتھ ان کا معاہدہ بھی مسٹر جیاکر کی کوشش

# قادیان میں بارعایت سکنی اراضی

## خریداروں کیلئے خاص موقع

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ کا جلسہ سالانہ قریب آ رہا ہے۔ اور بوجہ خلافت جوبلی یہ جلسہ انشاء اللہ خاص طور پر بارونق اور شاندار ہوگا۔ اس تقریب کی خوشی میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ کہ اس موقعہ پر قادیان کی سکنی اراضی کی قیمت میں دس فی صدی کی رعایت کر دی جائے۔ یہ رعایت ۱۶ دسمبر ۱۹۳۹ء سے لے کر ۱۵ جنوری ۱۹۴۰ء تک رہے گی۔ اور صرف نقد قیمت ادا کرنے والوں کو دی جائے گی۔ امید ہے کہ دوست اس رعایت سے فائدہ اٹھا کر ہم خرما و ہم ثواب کے مستحق بنیں گے۔ اس وقت قادیان کے مختلف محلوں میں قطعات موجود ہیں اور دوکانوں کے قطعات بھی ہیں اور ہر موقعہ کے لحاظ سے الگ الگ قیمت مقرر ہے۔ فروخت کے لئے ہماری طرف سے مکرمی مولوی محمد اسمٰعیل صاحب فاضل مقرر ہیں۔

خاکسار:- میرزا بشیر احمد قادیان

کا ہی نتیجہ تھا۔ سر آغا خان بھی عنقریب ہوائی جہاز کے ذریعہ ہندوستان آ رہے ہیں۔ اور وہ بھی صلح کی کوشش کریں گے۔

**لاہور۔ ۲۰ دسمبر۔** پنجاب کے وزیر اعظم بمبئی روانہ ہو گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ آپ مسٹر جناح کی دعوت پر وہاں گئے ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ آپ کانگرس اور مسلم لیگ کی مصالحت میں حصہ لیں گے

**کراچی۔ ۲۰ دسمبر۔** صوبہ سندھ کے وزیر اعظم خان بہادر اللہ بخش نے ایک ہندو کانفرنس میں تقریر کرتے ہوئے کہا۔ کہ اس وقت کانگرس پارٹی میری وزارت کی مخالفت کر رہی ہے۔ حالانکہ وہ جانتی ہے کہ اگر یہ ٹوٹ گئی۔ تو مسلم لیگی وزارت قائم ہو گی۔ اور اگر مسلم لیگ سندھ میں کامیاب ہو گئی۔ تو اس کی پاکستانی سکیم کی تکمیل کا رستہ کھل جائیگا اگر کانگرس ہائی کمانڈ ضروری سمجھے تو میں اپنے عہدہ سے مستعفی ہونے کے لئے تیار ہوں

**پیرس۔ ۲۰ دسمبر۔** وزیر مالیات فرانس نے پارلیمنٹ فرانس کے مالی کمیشن کے سامنے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ سال فرانس کی جنگی ضروریات پر ۲۵ کروڑ فرانک صرف کئے جائیں گے۔ اگر ضرورت ہوئی تو مزید قرضہ بھی لیا جائے گا۔

**لنڈن۔ ۲۰ دسمبر۔** وزیر اعظم برطانیہ نے فرانس میں برطانوی افواج کو خراج تحسین ادا کرتے ہوئے ایک براڈکاسٹ تقریر میں کہا۔ کہ برطانوی کمانڈر انچیف نے ایسی قابل تعریف ڈیفینس کی تیاری کی ہے۔ کہ جس پر میں اسے مبارکباد دیتا ہوں مجھے اپنی فوجوں پر کامل اعتماد ہے۔ کہ وہ جمہوریت کی حفاظت کریں گی۔

کل رائل ایر فورس کے طیارے جب ہیلیگو لینڈ پر حملہ آور ہوئے تو فضا میں جنگ ہوئی۔ برطانوی طیاروں نے گولیاں مار مار کر ایک درجن سے زیادہ جرمن طیارے نیچے گرا دیئے۔ جرمنی کا دعویٰ ہے کہ اس جنگ میں برطانیہ کے ۲۶ ہوائی جہاز گرائے گئے۔ حالانکہ برطانیہ کے اتنے جہاز گئے ہی نہ تھے

**لاہور۔ ۲۰ دسمبر۔** مولانا عبید اللہ سندھی نے ایک نئی پولیٹیکل اور اقتصادی پارٹی کی بنیاد رکھی ہے۔ جو کانگرس کے اندر رہ کر کام کرے گی۔ اس کا مقصد مزدوروں اور کسانوں کی تنظیم ہوگا اور مذہبی جذبات سے بلند ہو کر عوام میں سیاسی بیداری پیدا کرے گی۔ اس کا نام جمنا۔ نربدا۔ سندھ ساگر پارٹی ہوگا

**پشاور۔ ۲۰ دسمبر۔** یہاں اجناس کے نرخوں پر سرکاری کنٹرول ہو گیا ہے سوداگران غلہ نے اپنے اپنے سٹاک کی فہرستیں ڈپٹی کمشنر کے پیش کر دی ہیں جسے چیک بھی کر لیا گیا ہے۔ میونسپل حدود میں اس وقت دس ہزار بوری گندم موجود ہے۔ اور روزانہ ایک ہزار بوری کا خرچ ہے گویا کل دس یوم کا سٹاک ہے۔ زمینداروں نے جنگ سے متاثر ہو کر گندم فروخت کرنا بند کر دیا ہے

**کوئمبٹور۔ ۲۰ دسمبر۔** حکومت ہند کے کامرس ممبر سر راما سوامی مدلیار نے ایک تقریر میں کہا۔ کہ جب تک سیلون میں مقیم ہندوستانیوں کے ساتھ بہتر سلوک نہیں کیا جاتا۔ اس وقت تک اس سے ہندوستان کے تجارتی معاہدہ کا کوئی امکان نہیں۔

**پورٹسماؤتھ۔ ۲۰ دسمبر۔** آج ملک معظم نے ان نوجوانوں کو اعزازات دیئے۔ جنہوں نے جرمنی کی جہاز شکن سرنگوں کو ناکارہ بنانے میں نمایاں کام کیا ہے۔ یہ سب والنٹیر تھے صرف ایک جہاز کے والنٹیروں نے تین چار سو سرنگوں کو ناکارہ بنایا ہے۔ امیر البحر نے اعلان کیا۔ کہ جرمن سرنگوں کو ناکارہ بنانے کے سلسلہ میں ہمیں عظیم الشان کامیابی حاصل ہو رہی ہے۔

**کلکتہ۔ ۲۰ دسمبر۔** مسٹر سرکار کی جگہ فنانس منسٹری کا چارج فی الحال مسٹر ایچ۔ ایس سہروردی لیبر منسٹر نے لیا ہے۔

# پنڈت جواہر لعل نہرو کا پیغام اور رائے

## رسالہ "ریویو" اردو کے جوبلی نمبر میں ملاحظہ فرمائیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

رسالہ "ریویو" اردو کے پیشوایان مذاہب نمبر کے متعلق پنڈت جواہر لعل نہرو کی رائے اور ان کا پیغام اگر آپ پڑھنا چاہیں تو اس رسالہ کا جوبلی نمبر ملاحظہ فرمائیں جو جلسہ سالانہ پر شائع ہوگا اس نمبر میں نہایت عمدہ علمی مضامین ہونگے۔ خریداروں کو مفت ملے گا۔ ایک نسخہ کی قیمت ۵ ہوگی۔ پیشوایان مذاہب نمبر کی چند کاپیاں دفتر میں قابل فروخت ہیں اس کی قیمت بھی فی نسخہ پانچ آنے ہے جلسہ سالانہ میں رسالہ کا دفتر اندرون شہر ہیڈ ماسٹر مدرسہ احمدیہ کے کمرہ میں ہوگا۔

**مینجر رسالہ ریویو اردو قادیان**

# تفسیر سروری

(عربی)

حضرت مولانا سید محمد سرور شاہ صاحب جماعت احمدیہ کے مفسر قرآن کی وہ تفسیر جو رسالہ "ریویو" اردو میں شائع ہوتی رہی ہے اس کی چند جلدیں برائے فروخت دفتر میں موجود ہیں یہ تفسیر شروع سے آٹھویں پارے تک کی ہے، مگر حقیقت میں قرآن مجید کے قریباً تمام مشکل مقامات کی تفسیر اس میں آگئی ہے، اور اس لحاظ سے گویا سارے قرآن کی تفسیر ہے اس میں نہایت عام فہم اردو میں قرآنی مطالب بیان کئے گئے ہیں۔ اسے پڑھ کر قرآن مجید کی تفسیر کا ملکہ پیدا ہو جاتا ہے۔ یہ تفسیر دو ہزار صفحوں کی ہے۔ قیمت صرف چھ روپے رکھی گئی ہے جلسہ پر رسالہ "ریویو" اردو کے دفتر سے خرید فرمائیں

**مینجر رسالہ ریویو اردو قادیان**

عبدالرحمٰن قادیانی پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھپوا کر دفتر الفضل قادیان سے شائع کیا - ایڈیٹر - غلام نبی